57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 357 | صفحات: 08 | ۲۹ دسمبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۸ رجب ۱۴۴۷ | Monday 29th December 2025 | جلد نمبر 57



### 10 ہزار بین الاقوامی رنز مکمل

بھارت کی اسٹار بلے باز اسمرتی مندھانا نے خواتین کی بین الاقوامی کرکٹ می ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے 10 ہزار رنز مکمل کر لئے ہیں۔



### بریٹ لی ہال آف فیم میں شامل

آسٹریلیا کے سابق برق رفتار فاسٹ بالر بریٹ لی کو کرکٹ کے میدان میں ان کی بے مثال خدمات کے اعتراف میں آسٹریلین کرکٹ ہال آف فیم میں شامل کرلیا گیا ہے۔

## بارہمولہ میں ملے مٹی کے ٹیلوں سے کشمیر کا شاندار ماضی سامنے آیا/ مودی

### جموں و کشمیر کی ثقافتی اور تاریخی وراثت قابل فخر ہے

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر کے بارہمولہ ضلع کے جہنپورہ مقام پر ملنے والے مٹی کے ٹیلوں کے سائنسی مطالعے سے کشمیر کا ایک شاندار اور باوقار ماضی ہمارے سامنے آیا ہے۔ اتوار کے روز اپنے ماہانہ پروگرام 'من کی بات ' کی 129 ویں قسط میں وزیر اعظم نے کہا، "میں جموں و کشمیر کی ثقافتی اور تاریخی وراثت کی ایک ایسی داستان آپ کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہوں جو آپ کو فخر سے بھر دے گی۔ جموں و کشمیر کے بارہمولہ میں جہنپورہ نامی ایک جگہ ہے۔ وہاں لوگ برسوں سے کچھ اونچے اونچے ٹیلے دیکھتے آرہے تھے۔ یہ عام سے ٹیلے تھے اور کسی کو معلوم نہیں تھا کہ یہ کیا ہیں۔ پھر ایک دن ماہرینِ آثار قدیمہ کی نظر ان پر پڑی۔ جب انہوں نے اس علاقے کو غور سے دیکھنا شروع کیا تو یہ ٹیلے کچھ مختلف محسوس ہوئے۔ اس کے بعد ان ٹیلوں کا سائنسی مطالعہ شروع کیا گیا۔ ڈرون کے ذریعے اوپر سے تصاویر لی/ 1




## بھارت کو عنقریب ملیریا کی بیماری سے نجات ملے گی/ امیت شاہ

### ملک میں زچگی کے دوران اموات میں 25 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے



سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت نے ملیریا کے کیسز میں 97 فیصد کمی درج کی ہے اور ملک بہت جلد اس بیماری سے مکمل طور پر نجات حاصل کر لے گا۔ وہ اتوار کو احمد آباد کے شیلا علاقے میں انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن (IMA) کی 'آل انڈیا میڈیکل کانفرنس — آئی ایم اے ناٹکان 2025' سے خطاب کر رہے تھے۔ امیت شاہ نے کہا کہ آیوشمان بھارت، مشن اندردھنش اور دیگر صحت سے متعلق سرکاری اسکیموں کے باعث نہ صرف ملیریا میں نمایاں کمی آئی ہے بلکہ ڈینگی میں اموات کی شرح بھی صرف 1 فیصد تک لائی گئی ہے، جبکہ ملک میں زچگی کے دوران اموات میں 25 فیصد کمی ریکارڈ کی/ 2

## بھارت کے نوجوانوں میں ہمیشہ کچھ نیا کرنے کا جنون/ وزیر اعظم

### آج دنیا ہندوستان کی طرف بڑی امید کے ساتھ دیکھ رہی ہے



### من کی بات

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندوستان کے نوجوانوں میں ہمیشہ کچھ نیا کرنے کا جنون ہے اور وہ اتنے ہی باشعور بھی ہیں۔ مسٹر مودی نے اتوار کو اپنے ماہانہ پروگرام 'من کی بات ' کے 129 ویں اپی سوڈ میں کہا، "آج دنیا ہندوستان کی طرف بڑی امید کے ساتھ دیکھ رہی ہے۔ ہندوستان سے امید کی سب سے بڑی وجہ ہماری نوجوان طاقت ہے۔ سائنس کے میدان میں ہماری حصولیابیاں، نئی ایجادات، ٹیکنالوجی کی توسیع سے دنیا بھر کے ملک ممالک بہت متاثر ہیں۔ "انہوں نے کہا، "ہندوستان کے نوجوانوں میں ہمیشہ کچھ نیا کرنے کا جنون ہے اور وہ اتنا ہی بیدار مغز بھی ہیں۔ میرے نوجوان دوست اکثر مجھ سے پوچھتے ہیں کہ وہ کس طرح قوم سازی میں اپنا حصہ مزید بڑھا سکتے ہیں اور وہ اپنے خیالات کو کس طرح شیئر کر سکتے ہیں۔ ہمارے نوجوان ساتھیوں کے اس تجسس کا جواب 'وکست بھارت ینگ انڈیا لیڈرز ڈائیلاگ ' ہے۔ اس کا پہلا ایونٹ گزشتہ سال منعقد ہوا تھا، اب اس کا دوسرا پروگرام کچھ دنوں میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اگلے مہینے کی 12 تاریخ کو سوامی وویکانند کے یوم پیدائش کے موقع پر 'راشٹریہ یوا دیوس 'منایا جائے گا۔ اسی روز 'ینگ لیڈرز ڈائیلاگ ' کا بھی اہتمام کیا جائے گا اور میں اس میں ضرور شرکت کروں گا۔ اس میں ہمارے نوجوان اختراع، فٹنس، اسٹارٹ اپس زراعت جیسے اہم موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ انہوں نے کہا، "مجھے اس پروگرام میں ہمارے نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی شرکت دیکھ کر خوشی ہوئی ہے۔ ابھی کچھ دن پہلے اس پروگرام سے متعلق ایک کوئز مقابلے میں 50 لاکھ سے زیادہ نوجوانوں نے حصہ لیا تھا۔ ایک مضمون نویسی کا مقابلہ بھی منعقد کیا گیا تھا، جس میں طلباء نے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس مقابلے میں تمل ناڈو پہلے اور اتر پردیش دوسرے نمبر پر آیا"۔ وزیر اعظم نے کہا، "آج ملک بھر میں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کے نئے مواقع مل رہے ہیں۔ بہت سے پلیٹ فارم تیار کیے جا رہے ہیں جہاں نوجوان اپنی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔/ 3

## کلسٹر یونیورسٹیوں کو "ای آفس" نظام کو عملانے کی ہدایت

### لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی تیسری یونیوسٹی کونسل میٹنگ میں شرکت

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اتوار کو لوک بھون جموں میں کلسٹر یونیورسٹی جموں کی تیسری یونیورسٹی کونسل میٹنگ کی صدارت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر، جو یونیورسٹی کے چانسلر بھی ہیں، نے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو اختراع، روزگار کے مواقع اور کاروباری صلاحیتوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ تعلیمی اقدامات علاقائی اور قومی ترقیاتی ضروریات سے ہم آہنگ ہوں۔ اُنہوں نے یونیورسٹی کو ابھرتے ہوئے تعلیمی اور صنعتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مربوط اور پیشہ ورانہ پروگراموں کو مضبوط بنانے کا مشورہ دیا۔ یونیورسٹی کونسل جو لیفٹیننٹ گورنر کی صدارت میں منعقد ہوئی نے کئی اہم تعلیمی اور انتظامی تجاویز کو اصولی منظوری دی۔ کونسل نے قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی) 2020 کے مطابق اہم اصلاحات کا جائزہ لیا اور ان کی توثیق کی جن میں نئے انڈر گریجویٹ نصاب فریم ورک کو اپنانا، نئے تعلیمی پروگراموں کا تعارف اور کورس ڈھانچوں میں نظرثانی شامل ہے تاکہ مضبوط اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جا سکے۔ کونسل نے نئے پروگراموں کے تعارف کی منظوری دی جن میں چار سالہ انٹگریٹیڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام (آئی ٹی ای پی)، ایم اے ایجوکیشن، ماسٹرز ان پرفارمنگ آرٹس، پی جی جغرافیہ اور سائبر سیکورٹی پی جی سطح پر شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ تمام جزوی کالجوں میں نئے چھوٹے، ہنر اور ویلیو ایڈیڈ کورسز متعارف کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ طلباً پر مبنی اقدامات جیسے کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کے لئے اضافی کریڈٹس کا اجرا، موکس (ایم او او سی ایس) کے لئے کریڈٹ کے نظرثانی شدہ معیارات اور جامع اِمتحانی و داخلہ پالیسیاں بھی تصدیق کی گئیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے یونیورسٹی کی اِصلاحی کوششوں کی ستائش کی اور تعلیمی معیار، طلباً کی فلاح و بہبود/ 4



## شری ماتا ویشنو دیوی کے عقیدت مندوں کے غیر معمولی ہجوم کے مدنظر

### یاترا ٹریک اور ملحقہ علاقوں میں 550 سے زائد سی ٹی وی کیمرے نصب

سرینگر/ یو پی آئی/ نئے سال کے پیش نظر شری ماتا ویشنو دیوی مزار پر عقیدت مندوں کے غیر معمولی ہجوم کو مدنظر رکھتے ہوئے ریاسی ضلع میں جامع اور سخت گیر سیکورٹی پلان نافذ کر دیا گیا ہے۔ یہ بات آئی جی پی جموں بھیم سین ٹوٹی نے کٹرہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہی۔ آئی جی پی کے مطابق یاترا ٹریک اور ملحقہ علاقوں میں 550 سے زائد سی ٹی وی کیمرے نصب ہیں جن کی لائیو فیڈ مرکزی کنٹرول روم میں چوبیسوں گھنٹے مانیٹر کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کنٹرول روم شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ، جموں و کشمیر پولیس اور سی اے پی ایف کے اہلکاروں کی مشترکہ نگرانی میں چلایا جارہا ہے اور کسی بھی النوع الرٹ پر فوری کارروائی کی جاتی ہے۔ آئی جی پی ٹوٹی نے ہفتہ کو پولیس اسٹیشن کٹرہ اور انٹیگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (ICCC) کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے نگرانی کے نظام، آپریشنل صلاحیت اور ریئل ٹائم مانیٹرنگ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ یاترا کی مؤثر نگرانی اور ہجوم کے نظم و نسق/ 7

## اسپتالوں اور بینکوں میں سکیورٹی گارڈ کی نوکریاں دلانے کا جھانسہ

### روزگار فراڈ معاملے میں ملزم کے خلاف چارج شیٹ داخل/ کرائم برانچ

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اقتصادی جرائم ونگ نے ایک بڑے پیمانے کے روزگار فراڈ سے متعلق ایک معاملے میں ایک ملزم کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کرائم برانچ نے آر پی سی کے دفعات 420، 467، 468 اور 471 کے تحت زیر ایف آئی آر نمبر 49/2022 میں معزز عدالت سٹی جج (سب رجسٹرار) سری نگر میں ایک جامع چارج شیٹ داخل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت کی بنیاد پر درج کیا گیا جس میں ٹنگمرگ علاقے کے متعدد باشندوں نے الزام لگایا کہ انہیں ریاض احمد ٹپلو ولد محمد صدیق ٹپلو ساکن آنچار ڈاگہ پورہ صورہ سری نگر نے دھوکہ دیا۔ بیان میں کہا گیا: ' الزام یہ ہے کہ ملزم نے معصوم بے روزگار نوجوانوں کو معروف اسپتالوں اور بینکوں میں سکیورٹی گارڈ کی نوکریاں دلانے کا جھانسہ دے کر ان سے بھاری رقوم حاصل کیں جو مجموعی طور پر کئی لاکھ روپے بنتی ہے'۔ انہوں نے کہا کہ اس فراڈ کو جائز/ 6

## "یہ لوگ انتشار چاہتے ہیں اور ہم ایسا ہونے نہیں دیں گے"

### ریزرویشن کے معاملہ پر کچھ لیڈروں کی نظر بندی پر ڈاکٹر فاروق کا ردعمل



سرینگر/ یو پی آئی/ نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اتوار کو پارٹی رکنِ پارلیمان سمیت کئی سیاسی رہنماؤں کی نظر بندی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ "یہ لوگ انتشار چاہتے ہیں اور ہم ایسا ہونے نہیں دیں گے"۔ پہلگام میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے فاروق عبداللہ نے کہا کہ بعض رہنما شاید اس پیش رفت سے خوش نہیں کہ جموں و کشمیر ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا، "آپ اُن لیڈروں سے پوچھیں کہ وہ کیا چاہتے تھے۔ ہم اپنی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ شاید انہیں ریاست کی ترقی پسند نہیں۔ وہ انتشار چاہتے ہیں جس کی ہم ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔" اتوار کو کئی سرکردہ رہنماؤں/ 5

## جموں میں دو افراد کے خلاف مقدمہ

### کھلے عام پستول دکھا کر گھوم رہے تھے

جموں/ جموں و کشمیر پولیس نے اتوار کے روز کہا کہ ایک قابل اعتماد اطلاع پر تیزی سے کام کرتے ہوئے، تھانہ ستواری کی پولیس ٹیم نے 13 بی این بی ایس ایف کے ساتھ ایک مشترکہ آپریشن میں دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا جو مبینہ طور پر عوامی علاقے میں کھلے عام پستول دکھا کر گھوم رہے تھے، جس سے مقامی آبادی میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ پھیل گیا۔ جی این ایس کو دیے گئے ایک ہینڈ آؤٹ میں، پولیس نے کہا کہ ملزمان کی شناخت منظور حسین، ولد نور حسین، آر/ او بدھوری، تحصیل باری برہانہ، سانبہ؛ کے طور پر ہوئی ہے۔ اور سورج، ولد اوم پرکاش، ساکنہ/ 8

## وادی میں ریزرویشن کے معاملہ پر مجوزہ احتجاجی پروگرام ناکام بنادیا گیا

### آغا روح اللہ اور دیگر کئی لیڈروں کے گھروں کے باہر پہرے بٹھادئے گئے

سرینگر/ یواین آئی/ جموں و کشمیر میں ریزرویشن پالیسی کو لے کر جاری تنازعے کے درمیان انتظامیہ نے اتوار کو طلبہ اور سیاسی جماعتوں کے مجوزہ احتجاجی پروگرام کو ناکام بنانے کے لیے سخت اقدامات کیے۔ شہر کے حساس مقامات — پولو ویو اور ایس کے پارک — کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا، جبکہ متعلقہ سیاسی شخصیات کو گھروں میں نظر بند کر دیا گیا، جس پر سیاسی حلقوں اور شہریوں نے شدید ردعمل ظاہر کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، ممبر پارلیمان آغا روح اللہ مہدی، پی ڈی پی کے سینئر لیڈر وحید الرحمن پرہ اور محبوبہ مفتی کی صاحبزادی التجا مفتی کو آج صبح سویرے ہی گھروں میں نظر بند کیا گیا۔ انتظامیہ نے ان رہنماؤں کی نقل و حرکت نہ صرف محدود کی بلکہ ان کے گھروں کے باہر پولیس اور نیم فوجی دستوں کی اضافی نفری بھی تعینات کی گئی۔ آغا روح اللہ مہدی کے دفتر نے ایک سخت لہجے میں بیان جاری کرتے ہوئے بتایا: 'پولیس نے باضابطہ طور پر محترم ایم پی کو آگاہ کیا ہے کہ انہیں گھر میں نظر بند کر دیا گیا ہے اور انہیں باہر قدم رکھنے کی اجازت نہیں۔ ہمیں دیر رات ایسے بھی اطلاعات موصول ہوئیں کہ کئی طلبہ کو گرفتار کیا گیا ہے اور ان کے اہل خانہ کو پولیس کی جانب سے ڈرایا دھمکایا جارہا ہے۔ یہ سب اس لیے کہ وہ محض ایک منصفانہ، معقول اور منطقی ریزرویشن پالیسی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ 'دفتر کے مطابق، طلبہ پر مبینہ دباؤ اور گرفتاریوں کا سلسلہ پوری رات جاری رہا، جس سے احتجاج کے ماحول کو دبانے کی واضح کوشش نظر آتی ہے۔ دوسری جانب التجا مفتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس 'پر اپنی پوسٹ میں انتظامیہ کے/ 9

## منگروٹ میں سدانالہ پر 45 میٹر سٹیل پُل کا اِفتتاح

### نائب وزیر اعلیٰ نے کالاکوٹ میں اِنسپکشن ہٹ کیلئے سنگ بنیاد رکھا




راجوری/ نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج منگروٹ میں سدانالہ پر 45 میٹر طویل سنگل لین سٹیل موٹر ایبل پُل کا اِفتتاح کیا جو علاقے میں سڑک کی رابطہ کاری کو مضبوط کرنے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اِس موقعہ پر رُکن قانون ساز اسمبلی بدھل جاوید اقبال چودھری، ممبر اسمبلی کالاکوٹ ٹھاکر رندھیر سنگھ، ڈی ڈی سی ممبر بدھل اولڈائے شازیہ کوثر اور ڈی ڈی سی ممبر موغلا شمیم اختر کے علاوہ سینئر اَفسران اور میڈیا اَفراد بھی موجود تھے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیا تعمیر شدہ/ 10

## تقریباً دو کروڑ روپے مالیت کے مکان اور زمین کی ضبطی

### ڈرگ سمگلنگ کے خلاف ادھم پور میں پولیس کی طرف سے کارروائیاں

جموں/ یواین آئی/ منشیات اسمگلنگ کے خلاف مہم کو جاری رکھتے ہوئے اودھم پولیس نے الگ الگ کارروائیوں کے دوران این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت تقریباً دو کروڑ روپے مالیت کی منقولہ و غیر منقولہ جائیدادیں ضبط کی ہیں۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ پولیس اسٹیشن ریہام بل میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے متعلقہ دفعات کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 72/2025 میں شکتی سنگھ ولد ترلوک سنگھ ساکن وارڈ نمبر 17، شنکر نگر اودھم پور کی تقریباً 1.30 کروڑ روپے مالیت کی غیر منقولہ جائیداد کو ضبط کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ جائیداد میں ایک پکا مکان بمعہ 1 کنال اراضی زیر خسرہ نمبر 491/593 شامل ہے جو شنکر نگر اودھم پور میں واقع ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ اسی طرح کی ایک اور کارروائی میں پولیس اسٹیشن ریہام بل میں ہی این ڈی پی ایس ایکٹ کے متعلقہ دفعات کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 113/2025 میں کوشل شرما عرف بیرو ولد کاکا رام ساکن کمبل ڈنگا اودھم پور کی تقریباً 70 لاکھ روپے مالیت کی منقولہ اور/ 12

## جب پولیس چکنگ پارٹی کو دیکھ کر دو گاڑیوں کے ڈرائیور فرار ہوگئے

### گاڑیوں کی تلاشی کے دوران اسمگل کی جانے والی لکڑی برآمد/ پولیس

جموں/ یواین آئی/ غیر قانونی لکڑی اسکلنگ کے خلاف کارروائیوں میں ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے جموں (دیہی) پولیس نے جوریان علاقے میں کھیر لکڑی کی غیر قانونی نقل و حمل میں ملوث دو گاڑیاں ضبط کی ہیں۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ پولیس پوسٹ جوریان کی ایک ٹیم نے معمول کی چیکنگ کے دوران 27 اور 28 دسمبر کی درمیانی شب راکھ مٹھی کے مقام پر خصوصی ناکہ قائم کر دیا اور اس دوران رات کے تقریباً ساڑھے تین بجے دو گاڑیوں اسکارپیو زیر رجسٹریشن نمبر PB09G - 4072 اور مہندرا لوڈ کیریئر زیر رجسٹریشن نمبر JK02BM - 7125 کو رکنے کا اشارہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی موجودگی کو دیکھتے ہوئے دونوں گاڑیوں کے ڈرائیور اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر موقع سے فرار ہوگئے۔ ان کا کہنا ہے کہ تلاشی کے دوران دونوں گاڑیوں سے 50/60 کوئنٹل وزنی کھیر لکڑی برآمد کی گئی جو تجارتی مقاصد کے لئے غیر قانونی طور پر منتقل کئے جارہے تھے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ ضبط شدہ گاڑیاں/ 11

## سرحد کے قریب زنگ آلودہ شل برآمد ہونے سے علاقہ کا گھیراو

### پرانا اور ناکارہ ہونے کے باوجود مزید جانچ پڑتال ہو رہی ہے

جموں/ یواین آئی/ جموں و کشمیر کے سرحدی ضلع پونچھ میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے نزدیک ایک زنگ آلود مارٹر شیل برآمد ہونے کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر دھماکہ خیز مواد کو محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق، حویلی تحصیل کے فارورڈ گاؤں بندی چچیاں میں کچھ مقامی رہائشیوں نے ایک مشتبہ شیل دیکھا جس کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دی گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس کی ٹیم موقع پر پہنچی اور علاقے کو احتیاطی طور پر سیل کر دیا۔ بعد ازاں فوج کے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کیا گیا، جنہوں نے موقع پر پہنچ کر شیل کا معائنہ کیا اور اسے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ مارٹر شیل پر زنگ آلودگی کے آثار تھے اور ابتدائی طور پر اسے پرانا اور ناکارہ سمجھا جارہا ہے، تاہم اس کی اصل نوعیت جاننے کے لیے مزید جانچ کی جارہی ہے۔

# سپورٹس ٹائمز

## آسٹریلیائی کرکٹ میں ایک نیا سنگ میل: بریٹ لی 'ہال آف فیم' میں شامل

ملبورن، 28 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیا کے سابق برق رفتار فاسٹ بالر بریٹ لی کو کرکٹ کے میدان میں ان کی بے مثال خدمات کے اعتراف میں 'آسٹریلین کرکٹ ہال آف فیم' میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اس باوقار اعزاز کا اعلان ہال آف فیم کے چیئرمین پیٹر کنگ نے کیا، جنہوں نے بریٹ لی کو اپنے دور کے سب سے خوفناک اور قابل احترام بالرز میں سے ایک قرار دیا۔ بریٹ لی نے اپنے بین الاقوامی کیریئر کے دوران تمام فارمیٹس میں مجموعی طور پر 718 وکٹیں حاصل کیں، جس نے انہیں آسٹریلوی کرکٹ کی تاریخ کا چوتھا کامیاب ترین بالر بنا دیا ہے۔ بریٹ لی نہ صرف بالنگ بلکہ اپنی کارآمد بیٹنگ کے لیے بھی جانے جاتے تھے۔ انہوں نے 212 اننگز میں 2,728 رنز بنائے، جس میں 8 نصف سنچریاں شامل ہیں اور ان کا سب سے زیادہ اسکور 64 رہا۔ بریٹ لی آسٹریلیا کی اس عظیم ٹیم کا حصہ رہے جس نے عالمی کرکٹ پر حکمرانی کی۔ وہ تین بڑے آئی سی سی خطابات جیتنے والی ٹیموں کے اہم رکن تھے: آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ (2003) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی (2006 اور 2009)



## اسمرتی مندھانا نے 10 ہزار بین الاقوامی رنز مکمل کر لیے



بھارت کی اسٹار بلے باز اسمرتی مندھانا نے خواتین کی بین الاقوامی کرکٹ میں ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے 10 ہزار رنز مکمل کر لیے ہیں۔ وہ یہ کارنامہ انجام دینے والی دنیا کی چوتھی خاتون کرکٹر بن گئی ہیں۔ اس سے قبل یہ اعزاز بھارت کی سابق کپتان متھالی راج کے پاس تھا جو 10 ہزار 868 رنز کے ساتھ فہرست میں سرفہرست ہیں۔ اس فہرست میں نیوزی لینڈ کی سوزی بیٹس 10 ہزار 652 رنز کے ساتھ دوسرے جبکہ انگلینڈ کی شارلٹ ایڈورڈز 10 ہزار 273 رنز کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ اسمرتی مندھانا نے یہ سنگ میل سب سے کم اننگز میں حاصل کر کے ایک نیا ریکارڈ بھی قائم کیا۔ انہوں نے مختلف فارمیٹس میں صرف 281 اننگز کھیل کر 10 ہزار رنز مکمل کیے۔ اس کے مقابلے میں متھالی راج نے یہ ہدف 291 اننگز میں جبکہ شارلٹ ایڈورڈز اور سوزی بیٹس نے بالترتیب 308 اور 314 اننگز میں حاصل کیا تھا۔ اتوار کے روز سری لنکا کے خلاف کھیلے گئے چوتھے ویمنز ٹی ٹوئنٹی میچ سے قبل مندھانا اس سنگ میل سے صرف 27 رنز دور تھیں۔ انہوں نے یہ رنز بائیں ہاتھ کی اسپنر نیمشا میپاگے کی گیند پر لانگ آن کی جانب ایک رن لے کر مکمل کیے۔ یہ سنگ میل بھارت کی نائب کپتان کے لیے ایک شاندار سال کی تکمیل بھی ثابت ہوا۔ گزشتہ ماہ اختتام پذیر ہونے والی ویمنز ورلڈ کپ مہم میں مندھانا نے کیلنڈر سال میں ایک ہزار ون ڈے رنز بنانے والی پہلی خاتون کرکٹر بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ انہوں نے سال کا اختتام 1362 ون ڈے رنز کے ساتھ کیا جو اس فارمیٹ میں سب سے زیادہ ہے جبکہ اگلی بہترین کارکردگی جنوبی افریقہ کی لورا وولوارڈٹ کی رہی جنہوں نے 1174 رنز بنائے۔ اسی سال اسمرتی مندھانا نے پانچ ون ڈے سنچریاں بھی اسکور کیں جو ایک غیر معمولی کارنامہ ہے۔ اس ریکارڈ کی برابری جنوبی افریقہ کی تیز من برٹس اور لورا وولوارڈٹ نے کی۔ اس سیریز کے دوران مندھانا خواتین کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے والی بھی صرف دوسری کھلاڑی بن گئی تھیں۔ خواتین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا اعزاز اب بھی سوزی بیٹس کے پاس ہے جنہوں نے 4716 رنز اسکور کر رکھے ہیں۔ میچ کی بات کی جائے تو سری لنکا کی کپتان چماری اتھاپاتھو نے اس سیریز میں پہلی مرتبہ ٹاس جیتا اور چوتھے ٹی ٹوئنٹی میں بھارت کے خلاف پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بھارت اس سے قبل ہی پانچ میچوں کی سیریز میں تین صفر کی ناقابلِ شکست برتری حاصل کر چکا تھا۔ اتھاپاتھو نے کہا کہ اوس کی وجہ سے ہدف کا تعاقب قدرے آسان رہتا ہے اور ان کے خیال میں 140 رنز کا اسکور بھارت کو روکنے کے لیے مناسب ہو سکتا ہے۔ یہ میچ چماری اتھاپاتھو کے لیے بھی یادگار رہا کیونکہ وہ سری لنکا کی جانب سے اپنا 150 واں ٹی ٹوئنٹی میچ کھیل رہی تھیں۔ دونوں ٹیموں نے گزشتہ میچ کے مقابلے میں اپنی پلیئنگ الیون میں دو دو تبدیلیاں کیں۔ سری لنکا نے بائیں ہاتھ کی اسپنر انوکا رانا ویرا اور فاسٹ بولر مالکی مادارا کی جگہ سیمر اکاویا کاوندی اور آل راؤنڈر راشمیکا سیوواندی کو شامل کیا۔

## سوریہ کرشمہ، ریتوک سنجیوی نے سنگلز خطابات جیتے



وجے واڑہ، 28 دسمبر (یو این آئی) سینئر قومی بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں سوریہ کرشمہ تامیری اور رتوک سنجیوی ایس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بالترتیب خواتین اور مردوں کے سنگلز خطابات اپنے نام کر لیے۔ مقامی شائقین کی بھرپور حمایت کے درمیان سوریہ کرشمہ نے خواتین سنگلز کے فائنل میں تنوی پاتری کو شکست دی، جبکہ مردوں کے سنگلز فائنل میں رتوک نے بھرت راگھو کو مات دی۔ خواتین سنگلز کے فائنل میں 19 سالہ سوریہ کرشمہ نے سنسنی خیز مقابلے میں تنوی پاتری کو 17-21، 21-12، 14-21 سے شکست دے کر خطاب جیتا۔ تنوی نے پہلا گیم مضبوط کنٹرول کے ساتھ جیتا اور حریف پر دباؤ بنایا، تاہم دوسرے گیم میں ایک متنازع سروس فیصلے کے بعد سوریہ کرشمہ کو رفتار ملی اور انہوں نے لگاتار سات پوائنٹس حاصل کر کے میچ میں واپسی کی۔ فیصلہ کن گیم میں سوریا کرشمہ نے طویل ریلیوں کے ذریعے تنوی کو تھکا دیا اور 15-14 کے بعد مسلسل چھ پوائنٹس حاصل کر کے میچ اپنے نام کر لیا۔ مردوں کے سنگلز فائنل میں رتوک سنجیوی ایس نے بہترین دفاع اور صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھرت راگھو کو 21-16، 22-20 سے شکست دی۔ پہلا گیم آسانی سے جیتنے کے بعد رتھوک کو دوسرے گیم میں سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا، تاہم دباؤ کے لمحات میں انہوں نے حوصلہ برقرار رکھتے ہوئے 39 منٹ میں میچ ختم کیا۔ خواتین ڈبلز کے مقابلے میں شیکھا گوتم اور اشونی بھٹ کی تجربہ کار جوڑی نے دوسری سیڈ پریہ دیوی کو نجینگبم اور شروتی مشرا کو 21-14، 21-18 سے شکست دے کر خطاب حاصل کیا۔ مردوں کے ڈبلز میں ٹاپ سیڈ ہری ہرن امسکرونن اور آر روبن کمار نے متھلیش پی کرشنن اور پریزن کو 21-17، 21-12 سے ہرا کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ اس سے قبل مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں دوسری سیڈ ساتوک ریڈی کے اور رادھیکا شرما کی جوڑی نے ٹاپ سیڈ آشتھ سوریا اور امرتا پی کو 21-9، 21-15 سے شکست دے کر چیمپئن شپ جیت لی۔

## ایم سی جی کی پچ زیرِ بحث، کیوریٹر کا حیرانگی اور مایوسی کا اظہار



ملبورن، 28 دسمبر (یو این آئی) ملبورن کرکٹ گراؤنڈ کے کیوریٹر نے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کی پچ پر حیرانگی اور مایوسی کا اظہار کر دیا۔ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان 2 دن میں ٹیسٹ میچ ختم ہونے کی وجہ سے ایم سی جی کی پچ بہت زیادہ زیرِ بحث ہے اور میلبرن کرکٹ کلب اور کیوریٹر کو پچ کی وجہ سے کڑی تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایم سی جی کی پچ بنانے والے کیوریٹر میتھیو پیج نے ایم سی سی کے چیف ایگزیکٹو اسٹیورٹ فوکس کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم سی جی کی پچ کے باعث بہت زیادہ حیرانگی کے عالم میں ہوں، میں اس طرح کے ٹیسٹ میچ کا کبھی حصہ نہیں رہا اور امید ہے آئندہ بھی نہیں ہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ چوتھے اور پانچویں روز تک بیٹ اور بال میں توازن برقرار رہے، ہمیں بڑی مایوسی ہے کہ باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ صرف دو دن رہا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو ایم سی سی اسٹیورٹ فوکس نے کیوریٹر کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے 8 برس پہلے میتھیو پیج کی خدمات حاصل کیں، وہ ملک کا ایک بہترین کیوریٹر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میتھیو پیج کی صلاحیت پر یقین ہے اور رہے گا، کیوریٹر اور ان کی ٹیم نے بہت اچھا کام کیا ہے، کیوریٹر میچ جلدی ختم ہونے پر مایوس ہے اس نے اس کی ذمہ داری بھی قبول کی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق کرکٹ آسٹریلیا کو باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ دو دن میں ختم ہونے کی وجہ سے 10 ملین ڈالرز سے زائد کے ریونیو کا نقصان ہوا ہے، ٹیسٹ کے تیسرے روز 90 ہزار تماشائیوں نے میچ دیکھنے آنا تھا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق تیسرے اور چوتھے روز کے ٹکٹ آٹومیٹک طریقے سے فینز کو واپس کیے جا رہے ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پرتھ ٹیسٹ بھی 2 روز میں ختم ہونے کے باعث کرکٹ آسٹریلیا کو 4 ملین ڈالرز کا نقصان ہوا تھا۔

## ہیری بروک نے ایڈم گلکرسٹ کا ریکارڈ توڑ دیا




ملبورن، 28 دسمبر (یو این آئی) انگلینڈ ٹیم کی جارحانہ مزاج بیٹر ہیری بروک نے سابق آسٹریلوی اوپنر ایڈم گلکرسٹ کا ریکارڈ دیا۔ ہیری بروک نے ملبورن میں ایشز سیریز کے چوتھے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں 41 رنز بنا کر اہم سنگ میل عبور کیا۔ انگلش بیٹر نے کم گیندوں پر 3 ہزار ٹیسٹ رنز کا ایڈم گلکرسٹ کا ریکارڈ توڑا ہے۔ بروک نے 57 اننگز میں 3 ہزار ٹیسٹ رنز مکمل کیے، وہ بالز کے لحاظ سے اس سنگ میل پر پہنچنے والے تیز ترین کرکٹر ہیں۔ انہوں نے 3 ہزار رنز مکمل کرنے کے لیے 3 ہزار 468 گیندوں کا سامنا کیا۔ اس طرح، ہیری بروک نے سابق آسٹریلیائی وکٹ کیپر بیٹر ایڈم گلکرسٹ کا ریکارڈ توڑ دیا، جنہوں نے 3 ہزار 610 بالز کھیل کر 3 ہزار رنز بنائے تھے۔

## آسٹریلیائی کھلاڑی ٹم ڈیوڈ کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت مشکوک




ہوبارٹ، 28 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیا کے اہم کھلاڑی ٹم ڈیوڈ کی آئندہ سال فروری میں شیڈول ٹی ٹوئنٹی ورلڈ میں شرکت مشکوک ہو گئی۔ بگ بیش میں ٹم ڈیوڈ کی ہیمسٹرنگ انجری نے آسٹریلیا کو بھی پریشان کر دیا، ان کی عدم موجودگی آنے والے ٹی 20 ورلڈ کپ میں مہم کو متاثر کر سکتی ہے۔ ٹم ڈیوڈ پرتھ اسکورچرز سے میچ میں ہوبارٹ ہوریکینز کی نمائندگی کے دوران تکلیف کا شکار ہو گئے تھے جس کی وجہ سے انھیں فیلڈ چھوڑنا پڑی، وہ دوسری مرتبہ اس انجری کی زد میں آئے۔ اس سے قبل رواں برس کے شروع میں آئی پی ایل کے دوران ڈیوڈ سائیڈ اسٹرین سے دوچار ہوئے تھے، وہ تازہ انجری کی وجہ سے ہوریکینز کے خطاب کے دفاع کی مہم سے باہر ہو گئے ہیں ان کی فروری میں شیڈول ٹی 20 ورلڈ کپ کیلیے دستیابی پر بھی غیر یقینی کے بادل چھا گئے۔ ٹم ڈیوڈ کا شمار مختصر فارمیٹ کے سب سے خطرناک آسٹریلوی کرکٹرز میں ہوتا ہے۔

## اسپین کے فٹبال کوچ کشتی حادثے میں تین بچوں سمیت جاں بحق



جکارتہ، 28 دسمبر (یو این آئی) انڈونیشیا کے ساحلی علاقے میں پیش آنے والے افسوسناک کشتی حادثے میں اسپین کے معروف فٹبال کوچ اور ان کے تین کمسن بچے جان کی بازی ہار گئے۔ حادثہ خراب موسم کے دوران کشتی الٹنے کے باعث پیش آیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسپین کے فٹبال کلب ویلنشیا سی ایف کی ویمنز بی ٹیم کے کوچ فرنانڈو مارٹن اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ سمندر میں سیر کے لیے کشتی میں موجود تھے کہ اچانک تیز ہواؤں اور دس فٹ بلند لہروں نے کشتی کو الٹ دیا۔ حادثے کے فوراً بعد فرنانڈو مارٹن اور ان کے تین بچے، جن کی عمریں 9، 10 اور 12 سال بتائی جاتی ہیں، لاپتہ ہو گئے تھے۔ بعد ازاں ویلنشیا سی ایف نے تصدیق کی کہ کوچ اور ان کے تینوں بچے حادثے میں جانبر نہ ہو سکے۔ تاہم اس المناک واقعے میں کوچ کی اہلیہ اور سات سالہ بیٹی کو بحفاظت بچا لیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے کے بعد فوری امدادی کارروائیاں کی گئیں، جن کے دوران کشتی کے عملے کے چار ارکان اور ایک ٹور گائیڈ سمیت مجموعی طور پر سات افراد کو سمندر سے زندہ نکال لیا گیا۔ بچ جانے والوں میں

## آسٹریلیائی ٹیسٹ اسکواڈ میں تبدیلیاں

### بیو ویبسٹر اور جوش انگلس بی بی ایل کھیلنے کے لیے ریلیز



سڈنی، 28 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیا کے ریزرو آل راؤنڈر بیو ویبسٹر کو ہوبارٹ ہریکینز کی جانب سے بگ بیش لیگ میں شرکت کے لیے قومی ٹیسٹ ٹیم سے ریلیز کر دیا گیا ہے۔ ان کے ہمراہ وکٹ کیپر بلے باز جوش انگلس بھی، جنہیں باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے لیے ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا تھا، اپنی بی بی ایل ٹیم پرتھ اسکارچرز کی نمائندگی کے لیے واپس لوٹیں گے۔ دونوں کھلاڑی اپنے اپنے بی بی ایل میچز کھیلنے کے بعد سڈنی میں دوبارہ آسٹریلیائی ٹیم کو جوائن کریں گے۔ وہ 4 جنوری سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں شروع ہونے والے ایشز سیریز کے پانچویں اور آخری 'نیو ایئر ٹیسٹ' کی تیاریوں کا حصہ بنیں گے۔ رپورٹس کے مطابق ایشز سیریز کے دوران مایہ ناز آل راؤنڈر کیمرون گرین کی مسلسل ناکامی نے بیو ویبسٹر کے لیے ٹیسٹ الیون میں واپسی کی راہ ہموار کر دی ہے۔ گرین نے اب تک سیریز کے چار ٹیسٹ میچوں میں محض 18.66 کی مایوس کن اوسط سے رنز بنائے ہیں۔ میلبون ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں رن آؤٹ ہونے کے بعد دوسری اننگز میں بھی وہ غیر ذمہ دارانہ شاٹ کھیل کر سلپ میں کیچ آؤٹ ہو گئے، جس کے بعد ان کی ٹیم میں جگہ پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔

